سبق-2: سیرت کیوں؟

ہمیں سیرت رسول ﷺ کیوں پڑھنا چاہیے؟

1. آخرت کی کامیابی حاصل کرنے کے لیے۔
2. دنیا میں کامیابی کے لیے: کیونکہ آپ ﷺ ایک مکمل رول ماڈل ہیں۔
3. دل میں آپ کی محبت و عظمت پیدا کرنے کے لیے: جو کہ آپ ﷺ کی قربانیوں اور کارناموں کے بارے میں جان کر۔
4. صحابہ رضی اللہ عنہم کی زندگیوں میں زبردست تبدیلی کو جاننے کے لیے۔
5. قرآن کی سمجھ حاصل کرنے کے لئے کہ سورتیں کن حالات میں نازل ہوئیں۔
6. قرآن پر عمل کرنے کے لیے: کیونکہ قرآن تھیوری اور سیرت اس کا عملی ماڈل ہے۔

7. ایمان میں اضافہ کرنے کے لیے، جو آپ کی سیرت اور کامیابیوں کو دیکھ کر ہوگا۔
8. دلی خوشی اور سکون کے لیے، جو ملے گی اللہ کے محبوب کو جان کر۔
9. اسلام کا پیغام پیش کرنے کا سلیقہ سیکھنے کے لیے۔
10. آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف ہونے والے پروپیگنڈوں کا جواب دینے کے لیے۔
11. دشمنوں کے فتنوں سے بچنے کے طریقے سیکھنے کے لیے۔
12. مسلمانوں کو زوال سے نکالنے کے لیے، جیسا کہ آپ نے سکھایا۔